# ٹرمپ سے ملاقات کے دوران ہندوستانی مفادات کو موثر طریقے سے نہیں رکھ سکے مودی: کانگریس



نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ حال ہی میں جی 7- ممالک کے اجلاس میں شرکت کے لیے گئے وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کی ہے لیکن اس ملاقات کے دوران وہ ہندوستان کے مفادات سے جڑے اہم مسائل موثر طریقے سے نہیں اٹھا پائے اور اس سے عالمی سطح پر ہندوستان کے وقار کو نقصان پہنچا ہے ۔کانگریس کے شعبہ مواصلات کے سربراہ پون کھیڑا نے ہفتہ کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں پریس کانفرنس میں کہا کہ مسٹر مودی اور صدر ٹرمپ کی ملاقات کے دوران وزیر اعظم ہندوستانی ملاحوں کے قتل، یکطرفہ امریکی تجارتی معاہدے اور آپریشن سندور کے بعد فوجی کارروائی کو روکنے کے حوالے سے مسٹر ٹرمپ کے دعووں جیسے موضوعات کو اٹھانے میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مسٹر مودی صرف صدر ٹرمپ کی تعریف سے مطمئن نظر آئے اور قومی مفادات سے جڑے سوالات پر وہ کھل کر بولتے ہوئے نظر نہیں آئے ۔ مسٹر کھیڑا نے کہا کہ کانگریس کو اس بات کا دکھ ہے کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی حکومت بین الاقوامی سطح پر اپنی بات مضبوطی سے رکھنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے دور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دیویانی کھوبرگڑے کیس کے وقت ہندوستان نے امریکہ کو واضح اور سخت پیغام دیا تھا۔اسی طرح ترقی پسند اتحاد (یو پی اے ) حکومت کے وقت پاکستان کو فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف ) کی گرے لسٹ میں لانے کے لیے ہندوستان کی جانب سے ہی موثر کوششیں کی گئی تھیں، جبکہ اب آپریشن سندور کے بعد پاکستان کے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو امریکہ میں خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے ۔انہوں نے الزام لگایا کہ مسٹر مودی اور صدر ٹرمپ کی ملاقات کے دوران امریکہ کی جانب سے ہند- بحرالکاہل کمان کے نام میں تبدیلی، پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے ) کے نقشے سے متعلق متنازع پیشکش اور اگلے جولائی کے ویزا بلیٹن میں ہندوستانیوں کے لیے ای بی 2- اور ای بی 5- زمروں سے متعلق فیصلوں جیسے واقعات پر بھی ہندوستان کی طرف سے کوئی سخت احتجاج سامنے نہیں آیا۔ مسٹر کھیڑا نے کہا کہ کمال یہ ہے کہ صدر ٹرمپ نے برکس کی کمزور ہوتی ہوئی پوزیشن کا ذکر کیا، لیکن وزیر اعظم مودی نے اس پر کوئی موثر ردعمل نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کا ماننا ہے کہ ہندوستان کو بین الاقوامی فورمز پر اپنے قومی مفادات اور خود داری کے تحفظ کے لیے زیادہ مضبوطی کے ساتھ اپنی بات رکھنی چاہیے۔

# رادھا کرشنن، مودی اور راج ناتھ سمیت مختلف لیڈران نے مرمو کو یومِ پیدائش کی مبارکباد پیش کی



نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ سمیت مختلف لیڈران نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دی ہے اور ان کی درازیٔ عمر، صحت اور خوشحال زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔مسٹر رادھا کرشنن نے ہفتہ کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر صدر مرمو کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے لکھا، "صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو دل کی گہرائیوں سے یومِ پیدائش کی مبارکباد۔ صدر مرمو جی نے ہمیشہ محروم طبقات کے حقوق کی وکالت کی ہے اور خود کو قوم کی خدمت کے لیے وقف کیا ہے۔ جامع ترقی اور سماجی بہبود کے لیے ان کی غیر متزلزل وابستگی ملک بھر کے لوگوں کو متاثر کرتی رہتی ہے ۔"انہوں نے کہا، "سادگی، انکساری اور عوامی خدمت کے لیے غیر متزلزل وابستگی سے بھرپور ان کی زندگی اور عوامی سفر ملک کے بے شمار افراد کو متاثر کرتا ہے۔ میں ان کی طویل، صحت مند اور خوشگوار زندگی کے لیے دعا گو ہوں تا کہ وہ قوم کی خدمت میں اپنا تعاون دیتی رہیں۔"دریں اثنا، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایکس پر لکھا:" صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو یومِ پیدائش کی دل سے مبارکباد۔ جرات، سادگی، انکساری اور عوامی خدمت کے لیے غیر متزلزل عزم سے بھرے ان کی زندگی کا سفر ملک بھر کے لوگوں کے لیے ہمیشہ باعثِ ترغیب رہا ہے۔"انہوں نے کہا:" عوامی زندگی میں اپنی طویل مدت کار کے دوران انہوں نے ملک کی بہترین انداز میں خدمت کی ہے اور خاص طور پر محروم اور پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے خود کو وقف رکھا ہے۔ ہندستان کی ترقی کے لیے ان کا غیر متزلزل عزم انتہائی متاثر کن ہے۔ ایشور انہیں ملک کی خدمت کے لیے طویل اور صحت مند زندگی عطا کرے ۔ میں آج اڈیشہ میں ہونے والی تقریب میں ان سے ملاقات کا منتظر ہوں۔"وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی محترمہ مرمو کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے ایکس پر لکھا، "صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو یومِ پیدائش کی دلی مبارکباد۔ انہوں نے اپنی زندگی سماج کی خدمت اور عوام کو بااختیار بنانے کے لیے وقف کر رکھی ہے ۔ جامع ترقی، سماجی انصاف اور شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی بصیرت اور وابستگی عوامی خدمت کے حقیقی جذبے کی عکاسی کرتی ہے ۔" قوم کی خدمت میں ان کی اچھی صحت، خوشی اور طویل عمر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔

## آیوش کی وزارت نے یوگا میں بڑی تعداد میں حصہ لینے کی لوگوں سے کی اپیل



نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) آیوش کی وزارت نے 21 جون کو منعقد ہونے والے 12 ویں بین الاقوامی یوگا دن پر ملک بھر کے لوگوں سے بڑی تعداد میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ آیوش کی وزارت نے ہفتہ کو کہا کہ یہ تقریب صحت، ہم آہنگی اور ہندوستان کی قدیم یوگا روایت کا عالمی جشن ہوگی۔ اس سال کی اہم تقریب کولکتہ کے تاریخی ریڈ روڈ پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں منعقد کی جائے گی۔ مرکزی وزیر مملکت برائے آیوش (آزادانہ چارج) اور وزیر مملکت برائے صحت اور خاندانی بہبود پرتاپ راؤ جادھو نے کہا کہ یوگا دیوس 2026 کو عوامی شرکت کی ایک بڑی مہم بنایا جا رہا ہے ۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت ثقافت بھی ملک کے 100 ممتاز اور تاریخی مقامات پر خصوصی یوگا پروگرام منعقد کر رہی ہے، جس سے ہندوستان کے مالا مال ثقافتی ورثے اور یوگا روایت کا ایک انوکھا سنگم دیکھنے کو ملے گا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس تاریخی موقع کا حصہ بنیں اور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کریں۔ ہندوستانی آثار قدیمہ (اے ایس آئی) کے تعاون سے منعقد ہونے والے ان پروگراموں میں دہلی کے لال قلعہ، قطب مینار، ہمایوں کا مقبرہ اور پرانا قلعہ سمیت ملک بھر کے کئی تاریخی مقامات کو شامل کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ اتر پردیش، راجستھان، گجرات، کرناٹک، تمل ناڈو، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال، بہار، آسام اور دیگر ریاستوں کے اہم ثقافتی اور وراثتی مقامات پر بھی یوگا سیشن منعقد کیے جائیں گے۔ ان پروگراموں کا مقصد ہندوستان کے تہذیبی ورثے اور یوگا کی قدیم روایت کے درمیان گہرے تعلق کو اجاگر کرنا ہے ۔ قومی راجدھانی دہلی میں بھی یوگا دیوس کے موقع پر 40 سے زیادہ مقامات پر خصوصی پروگرام منعقد کیے جائیں گے ۔ کرتویہ پتھ، لودھی گارڈن، لال قلعہ، شانتی پتھ، تال کٹورا گارڈن، سنجے جھیل پارک، روہنی اسپورٹس کمپلیکس، دوارکا اسپورٹس کمپلیکس اور سری فورٹ اسپورٹس کمپلیکس سمیت کئی عوامی مقامات پر شہری یوگا کی مشق کر سکیں گے۔ آیوش کی وزارت نے تمام شہریوں، اداروں اور سماجی تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ وہ وقت پر اپنے قریبی یوگا کے مقام پر پہنچ کر اجتماعی یوگا سیشن میں شامل ہوں اور یوگا کے ذریعے صحت، توازن اور فلاح و بہبود کا پیغام دنیا تک پہنچائیں۔

## این ٹی اے نے امتحان کا مرکز ابو ظہبی الاٹ کرنے کے تنازع پر جاری کی وضاحت

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے ناگپور کے ایک امیدوار کو امتحان کا مرکز ابوظہبی الاٹ کیے جانے سے متعلق معاملے پر وضاحت جاری کی ہے۔ این ٹی اے کے ذرائع نے بتایا کہ نیٹ (یو جی) 2026 امتحان کو 21 جون تک دوبارہ مقرر کیے جانے کے بعد امیدواروں کی سہولت کے لیے امتحان کے لیئے مرکز الاٹمنٹ کی تصحیح کی ونڈو دوبارہ کھولی گئی تھی، تا کہ وہ اپنی پسند کے مطابق امتحانی مرکز کے شہر میں تبدیلی کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 3.2 لاکھ امیدواروں نے اس تصحیح کی سہولت کا استعمال کیا اور ان میں سے 99.5 فیصد سے زیادہ کو ان کی پسند کا امتحانی شہر الاٹ کیا گیا۔ ایجنسی نے کہا کہ متعلقہ معاملے میں دستیاب ویب ایکٹیویٹی ریکارڈز ظاہر کرتے ہیں کہ ابوظہبی کو امتحانی شہر کے طور پر امیدوار کے اپنے رجسٹرڈ لاگ ان کے ذریعے تصحیح کی مدت کے دوران منتخب کیا گیا تھا۔ ریکارڈ میں ایک ہی صارف کے ذریعہ مسلسل کی گئی سرگرمیاں درج ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے باوجود 19 جون کی شام، امتحان سے محض 48 گھنٹے پہلے، غیر سرکاری طور پر امتحانی مرکز کو ناگپور تبدیل کرنے کی درخواست موصول ہوئی۔ این ٹی اے نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اسی شام امیدوار کے والد سے رابطہ کیا اور ضروری رسمی طریقہ کار پورا کرنے میں مدد کی۔ اس کے بعد مرکز کی تبدیلی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ این ٹی اے نے یہ بھی کہا کہ اس کے ریکارڈ میں تین بار ایسی سرگرمی درج ہے، جن میں ایک بار امیدوار کی اسناد (کریڈنشیلز) کا استعمال کرتے ہوئے مرکز کو ابوظہبی میں تبدیل کیا گیا اور دو بار ابوظہبی مرکز کا پری ویو کیا گیا۔ اس کے باوجود ایجنسی نے امیدوار کے مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے مرکز کی تبدیلی کی درخواست کو قبول کیا۔ این ٹی اے نے دہرایا کہ اس کی "اسٹوڈنٹ فرسٹ "پالیسی کے تحت کسی بھی امیدوار کو انتظامی یا تکنیکی شبہات کی وجہ سے امتحان سے محروم نہیں ہونے دیا جائے گا۔

## حکومت نے خواتین کی حفاظت اور صنفی مساوات کے لیے شروع کیا 'نربھے چیتنا 'ابھیان


نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) پنچایتی راج کی وزارت نے خواتین کی حفاظت، وقار اور صنفی مساوات کے تئیں زمینی سطح پر منتخب مرد نمائندوں کو حساس بنانے کے واسطے 'نربھے چیتنا 'ابھیان شروع کیا ہے، جس کے تحت ملک بھر کے 17.5 لاکھ سے زیادہ مرد عوامی نمائندوں تک پہنچنے کے لیے 28,500 ماسٹر ٹرینرز کا ایک کیڈر تیار کیا جائے گا۔ وزارت نے ہفتہ کو بتایا کہ نربھیا ندھی پروجیکٹ کے تحت 17 سے 19 جون تک یہاں تین روزہ ٹرینرز ٹریننگ (ٹی او ٹی) پروگرام منعقد کیا گیا۔ عالمی سطح پر اپنی نوعیت کی سب سے بڑی مہمات میں شامل اس پہل کے تحت پنچایتوں میں صنفی طور پر حساس گورننس کو مضبوط کرنے اور خواتین کی حفاظت، حقوق اور قیادت سے جڑے مسائل پر مرد منتخب نمائندوں کو تربیت دینے کے لیے اہم ٹرینرز کا گروپ تیار کیا جا رہا ہے ۔ اس موقع پر ٹرانسفارم رورل انڈیا کے ذریعہ تیار کردہ 'نربھے چیتنا ' ٹریننگ ماڈیول کا بھی آغاز کیا گیا۔ پنچایتی راج وزارت کے سکریٹری وویک بھاردواج نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی حفاظت، وقار اور مساوی شرکت کو یقینی بنائے بغیر وکست بھارت کا تصور شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ پنچایتیں سماجی اور جمہوری تبدیلی کے اہم ادارے ہیں اور 'نربھے چیتنا 'کا مقصد خواتین کے وقار، حفاظت اور مواقع کو ترقی کے لازمی ستونوں کے طور پر قائم کرتے ہوئے صنفی حساس قیادت کو فروغ دینا ہے ۔وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری سشیل کمار لوہانی نے کہا کہ خواتین کی حفاظت اور وقار کو یقینی بنانا اجتماعی سماجی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہل مرد منتخب نمائندوں میں بیداری، حساسیت اور جوابدہی پیدا کر کے انہیں اپنے معاشرے میں خواتین کی حفاظت، احترام، قیادت اور بااختیار بنانے کے لیے اہم کردار ادا کرنے کی ترغیب دے گی۔ پروگرام میں ماہرین کے سیشنز، گروپ مباحثوں، کیس اسٹڈیز کے ذریعہ کمیونٹی کی شرکت اور خواتین کی حفاظت، وقار اور شمولیت کو فروغ دینے میں پنچایتوں کے کردار جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پائلٹ بیچ میں آسام، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، مہاراشٹر، اڈیشہ اور اتراکھنڈ کے تقریباً 40 اہم ٹرینرز نے حصہ لیا۔ 'نربھے چیتنا ' گزشتہ 11 مارچ کو شروع کی گئی 'نربھے رہو 'پہل کا بنیادی حصہ ہے ۔ اس کے دیگر حصوں میں منتخب خواتین نمائندوں کی صلاحیت سازی اور قانونی بیداری پر مرکوز 'نربھے نیتری 'اور پنچایتوں میں ٹیکنالوجی پر مبنی حفاظتی انفراسٹرکچر کو مضبوط کرنے کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کے تصور والی 'نربھے درشٹی 'شامل ہیں۔

☆☆

## این ٹی اے نے مسابقتی امتحانات کا بنا دیا ہے مذاق: کانگریس

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے ) ایک ماہ میں میڈیکل کے داخلہ امتحان کا دوسری بار انعقاد کر رہی ہے لیکن اس میں بھی گڑبڑ ہو رہی ہے ، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ این ٹی اے نے مسابقتی امتحانات کا مذاق بنا کر رکھ دیا ہے۔ کانگریس کے شعبہ مواصلات کے سربراہ پون کھیڑا نے ہفتہ کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال کے جواب میں کہا کہ این ٹی اے کی وجہ سے ملک کے نوجوانوں کے خواب ٹوٹ رہے ہیں اور امتحان منعقد کرانے والی اس ایجنسی نے ان کے دلوں میں خوف پیدا کر دیا ہے۔ این ٹی اے یا حکومت ہند سے اس ماحول میں کوئی امید نہیں کی جا سکتی۔ کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی اس بارے میں حکومت سے سوالات اٹھا رہے ہیں اور اس کی ناکامی کو سامنے لا رہے ہیں، لیکن حکومت اس پر اقدامات کرنے کے بجائے کانگریس رہنما راہل گاندھی کو ہی کٹہرے میں کھڑا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ امتحان کو شفاف بنانے کے لیے موک ڈرل کرانے سے متعلق ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ مودی حکومت ملک کے طلبہ کے تئیں غیر حساس ہے اور اس نے پورے امتحانی نظام کو ہی موک ڈرل بنا کر رکھ دیا ہے ۔کانگریس رہنما نے کہا کہ میڈیکل میں داخلے کے لیے ہونے والا نیٹ یو جی امتحان اتوار کو ہونا ہے ۔انہوں نے کہا کہ تشویشناک بات یہ ہے کہ نیٹ امتحان ایک ماہ میں دوبارہ کرایا جا رہا ہے اور اس میں بھی گڑبڑیاں ہو رہی ہیں۔ ناگپور کے بچے کا امتحانی مرکز ابوظہبی دیا جا رہا ہے ۔این ٹی اے نے امتحان کے انعقاد کا مذاق بنا دیا ہے۔

## ڈوبھال کی صدارت میں پیر کو ہوگی برکس ممالک کے قومی سلامتی کے مشیروں کی میٹنگ



نئی دہلی 20 جون (یواین آئی) برکس ممالک کے قومی سلامتی کے مشیروں کی میٹنگ یہاں پیر کو قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کی صدارت میں ہوگی۔ وزارت خارجہ نے ہفتہ کو یہاں بتایا کہ ہندوستان کی میزبانی میں ہونے والی یہ میٹنگ دو دن چلے گی۔ میٹنگ کے دوران برکس رکن ممالک کے قومی سلامتی کے مشیر/ وفد کے سربراہان 'آج دنیا کے سامنے موجود غیر روایتی سیکورٹی چیلنجز ' کے موضوع پر خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ارکان قومی سلامتی کے چیلنجوں کی تیزی سے بدلتی ہوئی نوعیت اور ابھرتے ہوئے سیکورٹی خطرات میں نئی ٹیکنالوجیز کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کریں گے ۔قومی سلامتی کے مشیر/ وفد کے سربراہان حال ہی میں منعقدہ انسداد دہشت گردی اور معلومات و مواصلاتی ٹیکنالوجیز کے استعمال میں سیکورٹی سے متعلق برکس مشترکہ ورکنگ گروپس کے نتائج کا بھی جائزہ لیں گے۔ برکس کے رکن ممالک میں برازیل، روس، ہندوستان، چین، جنوبی افریقہ، مصر، ایتھوپیا، ایران، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور انڈونیشیا شامل ہیں۔

## پبلک ایڈمنسٹریشن اور ڈیجیٹل گورننس میں تعاون کو مضبوط بنائیں گے ہندوستان اور جنوبی کوریا

نئی دہلی 20 جون (یواین آئی) ہندوستان اور جنوبی کوریا نے عوامی انتظامیہ اور ڈیجیٹل گورننس میں تعاون کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ دونوں ممالک عوامی انتظامیہ اور سرکاری اختراعات کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے مفاہمت نامہ (ایم او یو) کو بھی جلد ہی حتمی شکل دیں گے ۔عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور ہندوستان کے سرکاری دورے پر آئے جنوبی کوریا کے وزیر داخلہ اور سکیورٹی مسٹر ین ہو جنگ نے ہفتہ کو یہاں دو طرفہ بات چیت کی۔ اس دوران دونوں فریقین کے درمیان ڈیجیٹل گورننس، ای- گورننس، عوامی انتظامیہ، استعداد کار میں اضافہ اور شہریوں پر مرکوز خدمات کی فراہمی کے شعبوں میں ممکنہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک کے وفود کے درمیان تقریباً ایک گھنٹے سے زیادہ وقت تک جاری رہنے والی بات چیت میں ڈاکٹر سنگھ نے کوریائی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اور کوریا کے درمیان جمہوری اقدار، اختراع اور گڈ گورننس پر مبنی ایک خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری ہے ۔ڈاکٹر سنگھ نے ہندوستان میں ڈیجیٹل گورننس، عوامی خدمات کی فراہمی اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار میں ہندوستان کی طرف سے کی گئی اہم پیش رفت کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور کوریا دونوں ہی متحرک جمہوریتیں ہیں جو اپنے مشترکہ اقدار، وراثت اور قانون کی بالادستی کے تئیں پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا، "ہم دو بڑی ایشیائی معیشتیں ہیں جو ایک خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کا اشتراک کرتی ہیں اور یہ تاریخی اور مستقبل پر مبنی دونوں ہی ہے۔" ڈاکٹر سنگھ نے ایودھیا کی راجکماری سوریرتنا اور جنوبی کوریائی راجہ کم سورو کے درمیان ازدواجی تعلق کے تاریخی رشتے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان تعلقات کی آج بھی دونوں ممالک میں گہری اہمیت ہے ۔کوریا- ہندوستان پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے چیئرمین کی حیثیت سے انہوں نے ہندوستان- کوریا تعلقات کو مضبوط بنانے میں مہمان وزیر کے تعاون کی ستائش کی اور یقین ظاہر کیا کہ یہ دورہ دوطرفہ شراکت داری کو مزید گہرا کرے گا۔ انہوں نے کوریائی صدر لی جے میونگ کے حالیہ دورہ ہندوستان کا بھی ذکر کیا، جس کے نتیجے میں تجارت اور سرمایہ کاری، بندرگاہوں اور سمندری امور، ڈیجیٹل اور فن ٹیک، سائنس اور ٹیکنالوجی، ثقافت، کھیل وغیرہ سمیت اہم شعبوں میں پیش رفت کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ سربراہ اجلاس کے دوران جاری کردہ مشترکہ اسٹریٹجک وژن کے بیان نے دوطرفہ شراکت داری کے مستقبل کے لیے ایک بہت ہی پرجوش وژن طے کیا ہے ۔ڈاکٹر سنگھ نے خدمات کی فراہمی اور شفافیت میں بہتری کے لیے ہندوستان کے اقدامات جیسے کہ سی پی گرامس، ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ اور ٹیکنالوجی پر مبنی گورننس پلیٹ فارمز کے استعمال کا ذکر کیا۔ کوریائی فریق نے اسمارٹ گورننس، ڈیجیٹل پبلک سروسز اور ڈیزاسٹر و سکیورٹی مینجمنٹ میں اپنے تجربات شیئر کیے ۔ مرکزی وزیر نے پبلک ایڈمنسٹریشن کے شعبے میں تعاون کو مزید مضبوط کرنے کے سلسلے میں کہا کہ دونوں ممالک کی وزارتیں عوامی انتظامیہ اور سرکاری اختراعات کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے مفاہمت نامہ کو حتمی شکل دینے کے لیے سرگرمی سے بات چیت کر رہی ہیں۔ دونوں فریقین نے سرکاری خدمات کی ڈیجیٹل تبدیلی، عوامی انتظامیہ میں مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلیجنس) سمیت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے استعمال، سول سرونٹس کی استعداد کار میں اضافہ، گورننس میں شہریوں کی شرکت اور عوامی شکایات کے ازالے کے نظام میں بہترین طریقوں جیسے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی۔ انہوں نے ابھرتے ہوئے گورننس کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے لوگوں کے درمیان رابطے اور ادارہ جاتی شراکت داری کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے کارآمد، شفاف اور شہریوں پر مرکوز گورننس کو فروغ دینے کے لیے ہندوستان- جنوبی کوریا تعاون کو بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

## کانگریس نے اسرائیلی وزیر کے ریمارکس پر مرکز کی خاموشی کو نشانہ بنایا

### ایران- امریکہ مفاہمت نامہ کے تعلق سے خطرات سے آگاہ کیا

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) کانگریس نے ہفتہ کو اسرائیلی وزیر کے حالیہ تبصرے پر نریندر مودی حکومت کی خاموشی پر تنقید کی اور پارٹی کے سینئر لیڈر جے رام رمیش نے الزام لگایا کہ اسرائیل کے تئیں نئی دہلی کا رویہ مغربی ایشیا کے ایک نازک موڑ پر ہندوستان کے قومی مفادات کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں، مسٹر رمیش نے امریکہ اور ایران کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے مفاہمت نامہ (ایم او یو) کا حوالہ دیا اور کہا کہ اس معاہدے کو، جس کا دنیا بھر کے ممالک نے محتاط خیر مقدم کیا ہے، مسلسل سنگین چیلنجوں کا سامنا ہے۔ کانگریس رہنما نے کہا، "امریکہ- ایران ایم او یو جس کا دنیا بھر میں محتاط خیر مقدم کیا گیا ہے، اسے کئی خطرات کا سامنا ہے، جن میں سب سے اہم خطرہ اسرائیل کی طرف سے ہے۔" انہوں نے اسرائیل کے قومی سلامتی کے وزیر کے تبصرے کا حوالہ دیا، جنہوں نے مبینہ طور پر لبنان کو "جلانے " کا مطالبہ کیا تھا، اور واضح کیا کہ ان کے اس تبصرے پر بڑے پیمانے پر بین الاقوامی سطح پر تنقید کی گئی ہے۔ مسٹر رمیش نے کہا، "ان کے تبصرے کی بڑے پیمانے پر مذمت کی گئی ہے ، لیکن ہمیشہ کی طرح مودی حکومت بالکل خاموش ہے۔" مرکز کی خارجہ پالیسی پر اپنا حملہ تیز کرتے ہوئے، مسٹر رمیش نے الزام لگایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی اسرائیل کے ساتھ قریبی وابستگی ہندوستان کے وسیع تر اسٹریٹجک مفادات کو بری طرح متاثر کر رہی ہے ۔ انہوں نے ایک ایسی اصطلاح کا استعمال کرتے ہوئے، جو اکثر اپوزیشن جماعتوں کی طرف سے حکومت اور منتخب کاروباری مفادات کے درمیان قربت کا الزام لگانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے، کہا، "وزیر اعظم کی اسرائیل کے تئیں اندھی عقیدت ہمارے ملک کے مفادات کو نقصان پہنچا رہی ہے، چاہے 'موڈانی 'سلطنت کے مفادات کا تحفظ ہی کیوں نہ ہو جائے ۔" کانگریس نے بار بار حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ مغربی ایشیا کی صورتحال پر ایک زیادہ متوازن موقف اپنائے، خاص طور پر اسرائیل، ایران اور پڑوسی ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان۔ اپوزیشن پارٹی کا استدلال ہے کہ خطے میں، بشمول عرب ممالک اور ایران کے ساتھ ہندوستان کے دیرینہ سفارتی تعلقات کے لیے ایک ایسے نپے تلے انداز کی ضرورت ہے جو قومی مفادات اور علاقائی استحکام کو ترجیح دے ۔ یہ تازہ ترین تنقید امریکہ- ایران مفاہمت نامہ کے نفاذ پر جاری غیر یقینی صورتحال کے پس منظر میں آئی ہے، جسے کئی ممالک کی جانب سے مہینوں کے شدید ٹکراؤ کے بعد خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کی سمت میں ایک اہم قدم کے طور پر دیکھا جا رہا ہے ۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ مغربی ایشیا میں سکیورٹی کی صورتحال میں کسی بھی قسم کی خرابی عالمی توانائی کی منڈیوں اور ہندوستان جیسے ممالک کے لیے ، جو خطے میں وسیع اقتصادی اور اسٹریٹجک مفادات رکھتے ہیں، اہم اثرات مرتب کر سکتی ہے۔

## وزیر اعظم مودی نے پچھّم بنگ دیوس پر مبارکباد دی، شیاما پرساد مکھرجی کو خراج عقیدت پیش کیا

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کو پچھم بنگ دیوس کے موقع پر مغربی بنگال کے عوام کو مبارکباد دی اور ہندوستان کی ثقافتی، فکری اور سماجی ترقی میں ریاست کے بے پناہ تعاون کو اجاگر کیا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو مغربی بنگال کو ہندوستان کا حصہ بنائے رکھنے میں ان کے کردار کے لیے خراج عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں مسٹر مودی نے ریاست کے عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور مغربی بنگال کو ایک ایسی سرزمین قرار دیا جس نے ہندوستان کی تاریخ اور قومی شناخت کو بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے ۔ وزیر اعظم نے کہا، "پچھم بنگ دیوس کے موقع پر مغربی بنگال کی میری بہنوں اور بھائیوں کو دلی مبارکباد۔" انہوں نے کہا کہ ریاست نے ادب، موسیقی، فن، روحانیت، سائنس، تجارت، کاروبار اور سماجی اصلاحات سمیت وسیع شعبوں میں لازوال تعاون کیا ہے ۔مسٹر مودی نے کہا، "اس دن ایک ایسی ریاست کا جشن منایا جاتا ہے جس نے مختلف شعبوں میں اپنے تعاون کے ذریعے ہندوستان کی تاریخ کو گہرائی سے سنوارا ہے ، چاہے وہ ادب ہو، موسیقی، فن، روحانیت، سائنس، تجارت اور کاروبار، سماجی اصلاحات یا بہت کچھ۔ مغربی بنگال نے بار بار ان گنت طریقوں سے ہندوستان کے قومی شعور کو مالا مال کیا ہے ۔"وزیر اعظم نے ریاست کی تاریخ میں 20 جون کی تاریخی اہمیت پر بھی زور دیا اور اسے ایک سنگ میل تاریخ قرار دیا جس نے تقسیم کے پُرآشوب دور میں انڈین یونین کے اندر مغربی بنگال کے مقام کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا، "آج 20 جون مغربی بنگال کی تاریخ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے ۔ یہی وہ دن تھا جس نے اس بات کو یقینی بنایا کہ مغربی بنگال ہندوستان کا ایک اٹوٹ حصہ رہے ۔ اس میں ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کا کردار انمول تھا۔ "مسٹر مودی نے واضح کیا کہ یہ سال آزادی سے پہلے اور بعد کے ہندوستان کی ممتاز سیاسی شخصیات میں سے ایک ڈاکٹر مکھرجی کی 125 ویں سالگرہ کا سال ہے ۔ ان کے حامیوں کی طرف سے وسیع پیمانے پر انہیں تقسیم کے دوران بنگال کے بڑے حصوں کو ہندوستان کے اندر برقرار رکھنے کی وکالت کرنے کا سہرا دیا جاتا ہے ۔ ڈاکٹر مکھرجی نے بعد میں بھارتیہ جن سنگھ کی بنیاد رکھی، جو بھارتیہ جنتا پارٹی کا نظریاتی پیشرو ہے۔

☆☆

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Sunday, 21st June, 2026

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
اتوار ،۲۱/جون۲۰۲۶ء

SPORTS
کھیل کی دنیا


ورلڈ کپ فٹبال2026 | آج کے کھیل
تیونس بمقابلہ جاپان (صبح 9.30 بجے)
اسپین بمقابلہ سعودی عرب (صبح 9.30)

ورلڈ کپ فٹبال2026 | آج کے کھیل
جرمنی بمقابلہ آیوری کوسٹ (رات 1.30 بجے)
آکواڈور بمقابلہ کیوراکاؤ (صبح 5.30 بجے)


# برازیل کی شاندار فتح، ہیٹی ورلڈ کپ سے باہر



فلاڈیلفیا، 20جون (یواین آئی): پانچ بار کی عالمی چیمپئن برازیل نے اسٹار فارورڈ میتھیاس کونہا کے دو گولوں کی بدولت گروپ سی کے اپنے دوسرے میچ میں ہیٹی کو 3-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا۔ برازیل نے آغاز ہی سے کھیل پر مکمل کنٹرول رکھا اور 23ویں منٹ میں کونہا نے پہلا گول اسکور کیا۔ انہوں نے 36ویں منٹ میں دوسرا گول کر کے ٹیم کی برتری دگنی کر دی۔ پہلے ہاف کے اضافی وقت میں وِنیسیس جونیئر نے تیسرا گول داغ کر اسکور 3-0 کر دیا۔

دوسرے ہاف میں ہیٹی نے کچھ بہتر کھیل پیش کیا، تاہم برازیلی گول کیپر ایلیسن نے دو اہم مواقع ناکام بنا دیے اور اپنی ٹیم کو کلین شیٹ دلائی۔ اس شکست کے بعد ہیٹی کے لیے ناک آؤٹ مرحلے تک رسائی کے تمام امکانات ختم ہوگئے اور وہ ٹورنامنٹ سے باہر ہونے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ میچ کے بعد برازیل کے کوچ کارلو اینچیلوتی نے ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی ٹیم نے پہلے میچ کے مقابلے میں بہتر فٹبال کھیلی اور دفاعی و جارحانہ دونوں شعبوں میں عمدہ توازن دکھایا۔ اس کامیابی کے ساتھ برازیل چار پوائنٹس کے ساتھ بہتر گول اوسط کی بنیاد پر گروپ سی میں سرفہرست ہے، جبکہ مراکش بھی چار پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ اسکاٹ لینڈ تین پوائنٹس کے ساتھ تیسرے اور ہیٹی بغیر کسی پوائنٹ کے آخری نمبر پر ہے۔

## فیفا ورلڈ کپ: مراکش نے اسکاٹ لینڈ کو 0-1 سے شکست دی



فاکسبورو (امریکہ)، 20جون (یواین آئی) افریقی ملک مراکش کی فٹبال ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے گروپ سی کے مقابلے میں اسکاٹ لینڈ کو 1-0 سے شکست دے دی۔
بوسٹن اسٹیڈیم میں جمعہ کی رات کھیلے گئے اس میچ کا واحد اور فیصلہ کن گول مراکش کے اسٹرائیکر اسماعیل صیباری نے کیا۔ اس جیت کے ساتھ مراکش کے پوائنٹس ٹیبل میں چار پوائنٹس ہوگئے ہیں اور وہ گروپ میں سرفہرست ہے۔ 70ویں سیکنڈ میں کیا گیا یہ گول ورلڈ کپ 2026 کا اب تک کا تیز ترین گول ہے اور ورلڈ کپ کی تاریخ میں مراکش کا سب سے تیز گول ہے۔
دوسرے ہاف میں اسکاٹ لینڈ نے واپسی کی کوشش کی، لیکن وہ مراکش کے مضبوط عزم کو توڑنے میں ناکام رہی۔ اس شکست کے ساتھ ہی ورلڈ کپ کے ناک آؤٹ مرحلے میں پہلی بار جگہ بنانے کی اسکاٹ لینڈ کی امیدیں اب بھی خطرے میں ہیں۔ اب انہیں 24 جون کو برازیل کے خلاف ایک پوائنٹ حاصل کرنا ہوگا تاکہ اس کی کوالیفائی کرنے کی گارنٹی تقریباً یقینی ہوجائے۔

## ایران ورلڈ کپ سفری پابندیوں کے معاملے پر فیفا سے شکایت کرے گا

تہران، 20جون (یواین آئی) ایران کی فٹبال فیڈریشن نے کہا ہے کہ بیلجیئم کے خلاف اتوار کو ہونے والے ورلڈ کپ میچ سے دو دن قبل لاس اینجلس جانے کی اس کی درخواست مسترد کیے جانے کی شکایت بین الاقوامی فٹبال فیڈریشن (فیفا) سے کرے گی۔ ٹورنامنٹ سے قبل ایران کے بیس کیمپ کو ایریزونا سے میکسیکو کے شہر تیخوانا منتقل کر دیا گیا تھا۔ ایرانی ٹیم کا کہنا ہے کہ انہیں میچوں سے صرف ایک دن قبل سفر کرنے اور میچ ختم ہوتے ہی واپس لوٹنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، جو غیر منصفانہ ہے۔ ٹیم میلی نے پیر کو نیوزی لینڈ کے خلاف اپنے افتتاحی 2-2 سے ڈرا میچ سے ایک روز قبل تیخوانا انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے لاس اینجلس انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک 127 میل کی چارٹر اڑان بھری، جو عام طور پر مختصر سفر سمجھا جاتا ہے، لیکن ٹیم کے کپتان مہدی طارمی کے مطابق سکیورٹی اور امیگریشن جانچ سمیت اس میں تقریباً پانچ گھنٹے لگ گئے۔ ایک بیان میں، فیڈریشن نے اتوار کو پہلے شروع ہونے والے میچ کے وقت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس کا ماننا ہے کہ "اس نوعیت کی پابندیاں تمام شریک ٹیموں کے لیے مساوی حالات فراہم کرنے کے اصول کے خلاف ہیں اور ٹیموں کی تیاری کے عمل پر منفی اثر ڈال سکتی ہیں۔" ایران کے فٹبال سکریٹری جنرل ہدایت ممبنی نے جمعہ کے روز کہا، "ہم ورلڈ کپ میں شرکت کرنے والی واحد ٹیم ہیں جو میزبان شہروں میں صرف 24 گھنٹوں کے لیے پہنچی ہے اور یہ مناسب نہیں ہے۔ ہم پر عائد تمام پابندیاں ہمارے کھلاڑیوں کی جسمانی اور ذہنی صحت پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہیں۔"



## ہندوستان کی خواتین ہاکی ٹیم نیشنز کپ کے فائنل میں، چلی کو 6-0 سے شکست

آکلینڈ، 20جون (یواین آئی) ہندوستانی خواتین ہاکی ٹیم نے ایف آئی ایچ ویمنز نیشنز کپ 26-2025 کے سیمی فائنل میں چلی کو یکطرفہ مقابلے میں 6-0 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی۔ ہندوستان کی جانب سے نونیت کور نے 6ویں اور 13ویں منٹ میں، دیپیکا نے 14ویں اور 18ویں منٹ میں، نیہا نے 32ویں منٹ میں جبکہ رتوجا دادا سو پسال نے 39ویں منٹ میں گول کیے۔ شاندار کارکردگی پر ہندوستان کی کپتان سلیما ٹیٹے کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔
ہندوستان نے آغاز ہی سے کھیل پر گرفت برقرار رکھی اور چھٹے منٹ میں نونیت کور نے پہلا گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی۔ 13ویں منٹ میں نونیت نے دوسرا گول داغ کر اس برتری کو دگنا کر دیا۔ اس کے بعد ڈریگ فلکر دیپیکا نے دو پنالٹی کارنرز کو گول میں تبدیل کرتے ہوئے اسکور 4-0 کر دیا۔ ان دو گولوں کے ساتھ دیپیکا ٹورنامنٹ میں چھ گول کر کے سب سے زیادہ گول اسکور کرنے والی کھلاڑی بن گئیں۔ دوسرے ہاف میں بھی ہندوستان کا دباؤ برقرار رہا۔ نیہا نے 32ویں منٹ میں پنالٹی کارنر پر گول کیا، جبکہ 39ویں منٹ میں رتوجا پسال نے اوپن پلے میں شاندار ریورس ہٹ کے ذریعے چھٹا گول اسکور کیا۔ آخری کوارٹر میں چلی نے چند حملے کیے، لیکن ہندوستان گول کیپر سویتا نے عمدہ دفاع کرتے ہوئے حریف کو کوئی گول کرنے کا موقع نہیں دیا۔ اس شاندار کامیابی کے ساتھ ہندوستان نے فائنل میں جگہ بنالی، جہاں اس کا مقابلہ امریکہ اور میزبان نیوزی لینڈ کے درمیان ہونے والے دوسرے سیمی فائنل کی فاتح ٹیم سے ہوگا۔

## نیرج چوپڑا چوتھے مقام پر رہے، لیکن کامن ویلتھ گیمز کا کوالیفائنگ مارک حاصل کیا

دوحہ، 20جون (یواین آئی) نیرج چوپڑا دوحہ ڈائمنڈ لیگ 2026 میں جمعہ کو چوتھے نمبر پر رہے لیکن انہوں نے کامن ویلتھ گیمز کوالیفکیشن مارک حاصل کرلیا۔ سری لنکا کے رمیش ترنگا پاتھیراج نے اس مقابلے میں جیت حاصل کی۔ کمر کی چوٹ سے صحت یاب ہونے کے بعد نیرج چوپڑا کامپٹیشن میں لوٹے۔ انہوں نے قطر اسپورٹس کلب میں اپنے سیزن کا آغاز فاؤل کوشش کے ساتھ کی۔ انہوں نے دوسری کوشش میں 82.77 میٹر، تیسری میں 85.69 میٹر اور چوتھی کوشش میں 83.45 میٹر تھرو کیا۔ ان کی پانچویں کوشش فاؤل رہی۔ نیرج کی تیسری کوشش نے انہیں چوتھا مقام دلایا۔ سری لنکا کے رمیش ترنگا پاتھیراگے نے چوتھی کوشش میں 88.68 میٹر کا تھرو کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ گریناڈا کے پیٹرس اینڈرسن 86.38 میٹر کے ساتھ دوسرے جبکہ امریکہ کے کارٹس تھامپسن 85.99 میٹر کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔ ڈائمنڈ لیگ کے دوحہ لیگ میں نیرج چوپڑا کی یہ مسلسل چوتھی شرکت تھی۔ دو مرتبہ کے اولمپک تمغہ یافتہ نے 88.67 میٹر کے تھرو کے ساتھ دوحہ ڈائمنڈ لیگ کا 2023 ایڈیشن جیتا تھا، 2024 میں 88.36 میٹر کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے اور گزشتہ سال 90.23 میٹر کا قومی ریکارڈ قائم کیا، لیکن جرمنی کے جولین ویبر کے پیچھے دوسرے مقام پر رہے۔

## فیفا ورلڈ کپ: آسٹریلیا کو 0-2 سے شکست دے کر امریکہ ناک آؤٹ میں

سیئٹل، 20جون (یواین آئی) امریکہ کی فٹ بال ٹیم نے فیفا ورلڈ کپ 2026 میں جمعہ کے روز آسٹریلیا کو 2-0 سے شکست دے کر ناک آؤٹ راؤنڈ میں جگہ بنالی اور گروپ ڈی میں ٹاپ مقام پر اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے۔ سیئٹل اسٹیڈیم میں گروپ ڈی کے میچ میں کھیلے گئے مقابلے میں اسٹار فارورڈ کرسچن پلسِک کے بغیر میدا میں اتری امریکی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی مسلسل دوسری جیت درج کی۔ آسٹریلیا کے ڈیفنڈر کیمرون برجیس نے فولارین بالوگن کے کراس کو روکنے کی کوشش میں خود ہی گول کر دیا اور امریکہ کو 11ویں منٹ میں برتری حاصل کرلی۔ اس کے بعد ایلکس فری مین نے 43ویں منٹ میں ایک ڈیفلیکٹڈ شاٹ پر سب سے پہلے پہنچ کر گیند کو ہیڈر سے گول میں ڈال کر برتری کو دوگنا کر دیا۔




یہ جیت اس لحاظ سے قابل ذکر تھی کہ امریکی قومی ٹیم نے اٹیکنگ کھلاڑی کرسچن پلسِک کے بغیر جیت حاصل کی، جو پنڈلی کی چوٹ کی وجہ سے میچ سے باہر رہے۔ امریکی ٹیم نے ایک بار پھر کچھ ٹیم ریکارڈ کی برابری کی۔ 1930 کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ جب امریکہ نے ورلڈ کپ میں لگاتار دو میچ جیتے ہیں۔ اس سے قبل بھی 1930 میں ہی امریکی ٹیم نے مسلسل دو ورلڈ کپ میچوں کے پہلے ہاف میں دو یا دو سے زیادہ گول کئے تھے۔ جہاں تک آسٹریلیا کا تعلق ہے، وہ ناک آؤٹ راؤنڈ میں پہنچنے کی دوڑ سے مکمل طور پر باہر نہیں ہے۔ پیراگوئے کے خلاف اپنے آخری میچ میں جیت انہیں چھ پوائنٹس دلادے گی، جو اگلے راؤنڈ میں جانے کے لیے کافی ہوں گے۔

# فیفا ورلڈ کپ: پیراگوئے نے ترکیہ کو 0-1 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ سے باہر کیا



سان فرانسسکو، 20جون (یواین آئی) پیراگوئے کی فٹبال ٹیم نے ہفتہ کو فیفا ورلڈ کپ 2026 کے گروپ ڈی مقابلے میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ترکیہ کو 1-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا ہے۔
آج جہاں 10 کھلاڑیوں والی پیراگوئے نے غیر معمولی جذبہ دکھاتے ہوئے مواقع ضائع کرنے والی ترک ٹیم کو 0-1 سے شکست دے دی۔ اس نتیجے کے ساتھ ہی، حیران کن کارکردگی دکھانے والی ترکیہ ایک میچ باقی رہتے ہوئے ہی ورلڈ کپ سے باہر ہوگئی، جبکہ پیراگوئے نے راؤنڈ آف 32 میں پہنچنے کا شاندار موقع بنالیا ہے۔
پیراگوئے نے میچ کا بہترین آغاز کیا۔ کھیل شروع ہونے کے 65 سیکنڈ بعد ہی اینسیسو کے فلک آن کی مدد سے گالارزا نے بائیں پاؤں سے شاٹ مار کر گیند کو گول کے نچلے دائیں کونے میں پہنچادیا۔ ترکیہ برابری کے قریب تھی، لیکن ملڈور کا طاقتور ہیڈر گول پوسٹ کے ووڈ ورک سے ٹکرا کر سیدھے اپ رائٹ سے جالگا۔ اس کے بعد پہلے ہاف کے اسٹاپیج ٹائم کے تیسرے منٹ میں وی اے آر کی مداخلت کے بعد پیراگوئے کے کھلاڑی المیرون کو ریڈ کارڈ دکھایا گیا، کیونکہ انہوں نے ملڈور سے کچھ کہتے وقت اپنا منہ ڈھانپ رکھا تھا۔
وقفے کے تین منٹ بعد یلدیز گول کرنے کے قریب تھے، لیکن یونٹس کے اس اٹیکر کا شاٹ مشکل زاویے سے سائیڈ نیٹنگ میں چلا گیا۔
اینسیسو نے پیراگوئے کی برتری دگنی کرنے کا موقع تقریباً بنا ہی لیا تھا، وہ دائیں جانب سے آگے بڑھے اور بائیں پوسٹ کے قریب شاٹ لگایا، جس کے ٹھیک بعد بغیر کسی رکاوٹ کے گل نے ہیڈر کیا، لیکن گیند سیدھے گول کیپر کے ہاتھوں میں چلی گئی۔
مونٹیلا کی ٹیم 89ویں منٹ میں برابری کے قریب پہنچی تھی، لیکن اوزون کے 18 یارڈ کے شاٹ کو گول کیپر نے شاندار انداز میں روک لیا اور گل قریب سے ریباؤنڈ پر بھی گول کرنے میں چوک گئے۔
دوسرے ہاف کے اسٹاپیج ٹائم میں ترکیہ کے پاس ورلڈ کپ میں اپنی امیدیں برقرار رکھنے کا آخری موقع تھا، لیکن دیمیرال، گلیر کے بائیں ونگ سے آئے کراس پر ہیڈر کر کے بھی گیند کو دائیں پوسٹ کے قریب سے کچھ انچ باہر ہی مار پائے۔




Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30، چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیویٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804